پریس ریلیز

جنرل ہسپتال میں اینٹی سنیک وینم کی دستیابی سے سانپ کے ڈسے کاشتکار کی جان بچ گئی

54 سالہ محمد اکرم کو کھیتوں میں چارہ کاٹنے کے دوران سانپ نے ڈس لیا:ڈاکٹرز

بروقت اور مفت طبی سہولیات کی فراہمی پر محمد اکرم کے اہل خانہ نے ہسپتال انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا

گرمی کے موسم میں حشرات العرض باہر نکلتے ہیں ، عوام احتیاط کریں : ڈاکٹرمحمدمقصود

مریم نواز کی ہدایت پر مریضوں کوطبی و تشخیصی سہولیات بلا معاوضہ فراہمی جاری: پرنسپل / ایم ایس

لاہور 14 اپریل:......جنرل ہسپتال میں اینٹی سنیک وینم کی دستیابی سے سانپ کے ڈسے کاشتکار کی جان بچ گئی۔ 54 سالہ محمد اکرم کو کھیتوں میں چارہ کاٹنے کے دوران سانپ نے ڈس لیا، متاثرہ شخص کو جنرل ہسپتال ایمرجنسی لایا گیا جہاں ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹرز نے فوری طور پر محمد اکرم کو سانپ کے کاٹنے کا حفاظتی انجکشن لگایا جس سے اس کی حالت سنبھل گئی۔ بروقت اور مفت طبی سہولیات کی فراہمی پر محمد اکرم کے اہل خانہ نے ہسپتال انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔میڈیکل یونٹ 3 کے ڈاکٹر محمد مقصود کا کہنا تھا کہ گرمی کے موسم میں حشرات العرض باہر نکلتے ہیں،عوام احتیاط کریں نیز شہری اس موسم میں زمین پر سونے سے بھی گریز کریں۔

پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر اور ایم ایس ڈاکٹر فریاد حسین نے کہا شعبہ حادثات میں اکثر مریض سیریس حالت میں لائے جاتے ہیں جن کی جان بچانا معالج کی اولین ترجیح ہوتی ہے،جس کے لیے ہر ممکن اقدامات بروئے کار لائے جاتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر ہسپتال میں مریضوں کو علاج معالجے کی تمام طبی و تشخیصی سہولیات بلا معاوضہ فراہم کی جارہی ہیں اور بہترین طبی خدمات سے دن بدن شہریوں کا اس ادارے پر اعتماد بڑھ رہا ہے۔

☆☆☆☆